Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۰ مطبوعہ چہارشنبہ بتاریخ ۵ جمادی الثانی ۱۳۵۷ھ مطابق ۳ اگست ۱۹۳۸ء جلد ۵۰

گزٹ غیر معمولی

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر	مضمون	صفحہ
۱	فرمان نسبت عطائے القاب نواب ولیعہد بہادر - مرشد زادۂ آفاق کرنل نواب سید مرتضیٰ علی خاں بہادر (نواب ولیعہد بہادر) و صاحبزادگان بہ "نواب زادہ" و صاحبزادیصاحبان بہ "نواب زادی" و کرنل صاحبزادہ سید حیدر علی خاں بہادر و صاحبزادہ سید باقر علی خاں بہادر بہ "نواب زادہ"	۲
۲	نامی آرڈر بابت عطائے رینک "کرنل ان چیف" فرسٹ رامپور (ضامنہ) بہ مرشد زادۂ آفاق لفٹننٹ کرنل نواب زادہ سید مرتضیٰ علی خاں بہادر (نواب ولیعہد بہادر)	۲

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام جلالتمآب ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

فرمان

جملہ اہالیانِ خاندان کو صاحبزادہ لکھا جاتا ہے۔ آئندہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ نواب ولیعہد بہادر کو جملہ تحریرات میں "مرشد زادہ آفاق کرنل نواب زادہ سید مرتضیٰ علیخان بہادر (نواب ولیعہد بہادر)" لکھا جائے۔

ہمارے دوسرے صاحبزادوں کو نواب زادہ اور صاحبزادیوں کو نواب زادی تحریر کیا جائے۔ نیز کرنل صاحبزادہ سید جعفر علیخان بہادر و صاحبزادہ سید باقر علیخان بہادر کو نواب زادہ لکھا جائے۔ بقیہ اہل خاندان کو بدستور صاحبزادہ تحریر کیا جائیگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل ۳ ؍اگست کو غیر معمولی گزٹ میں شایع کیجائے۔ اصل فرمان بعد اجرائے احکام دارالانشار میں رہے

مورخہ ۲ ؍اگست ۱۹۳۰ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

آرمی آرڈر

نواب صاحب جنت مکان مرحوم نے باید دولت و اقبال کو بزمانۂ ولیعہدی فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کا کرنل ان چیف مقرر فرمایا تھا۔ باید دولت و اقبال اب برخوردار لفٹنٹ نواب زادہ سید مرتضیٰ علیخان بہادر (نواب ولیعہد بہادر) کو کرنل کا رینک عطا کرکے فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کا بجائے اپنے کرنل ان چیف مقرر فرماتے ہیں

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔ ایک نقل ۳ ؍اگست کو غیر معمولی گزٹ میں شایع کیجائے۔ اصل آرمی آرڈر ہذا بعد اجرائے احکام دارالانشار میں رہے۔

مورخہ ۲ ؍اگست ۱۹۳۰ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم